| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 2 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

## سبق کا نام: ذرائع آمد و رفت

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اُن مقامات کے متعلق جان لیں جہاں بسیں اور ریل گاڑیاں رُکتی ہیں جہاز، پرواز کرتے اور اُترتے ہیں اور بحری جہاز لنگر انداز ہوتے ہیں۔
- بس اڈّے، ہوائی اڈّے، ریلوے اسٹیشن اور بندرگاہ پر ہونے والی سرگرمیوں کو بیان کر سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ذرائع آمد و رفت" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- انھیں کس سواری میں سفر کرنے میں مزہ آتا ہے؟
- کیا اُن کو ریل گاڑی میں سفر کرنا پسند ہے؟

طلبہ سے باری باری جواب لیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

### طریقہ تدریس: 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 36 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو صفحہ پر دی ہوئی ہوائی اڈّے کی تصویر دکھائیں۔ انھیں تصویر کی مدد سے ہوائی اڈے کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ ہوائی اڈہ ایسی جگہ ہے جہاں سے جہاز اڑتے ہیں اور اُترتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ ایک سے دوسرے ملک یا شہر جانے کے لیے ہوائی جہاز پر سفر کیا جاتا ہے۔
- انھیں یہ بھی بتائیں کہ ہوائی جہاز تیز ترین ذریعہ ذرائع آمد و رفت ہے۔
- طلبہ کو پاکستان میں موجود ہوائی اڈوں کے بارے میں بتائیں۔

- انھیں بتائیں کہ پاکستان کے بڑے ہوائی اڈوں میں نیو اسلام آباد بین الاقوامی ہوائی اڈہ اور جناح بین الاقوامی ہوائی اڈہ کراچی شامل ہیں۔
- طلبہ کو مزید بتائیں ایک ملک سے دوسرے ملک جانے کے لیے لوگ بحری جہاز پر بھی سفر کرتے ہیں۔
- جس جگہ سے بحری جہاز روانہ ہوتے ہیں۔ اُسے ''بندرگاہ'' کہتے ہیں۔ بحری جہاز کا شمار ذرائع آمدورفت کے تیز ترین سواریوں میں ہوتا ہے۔
- اس کے علاوہ مال بردار جہاز کو ''کارگو جہاز'' کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

مشق جزو (ا) کا سوال (ii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔


| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کر کے لائیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**_____________ | **مضمون:** واقفیتِ عامہ | **سبق:** ذرائع آمدورفت |

سوال 1: اپنی پسندیدہ سواری کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔



| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | تیسری سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 2 | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: ٹریفک کے قوانین

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ٹریفک کے چند قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔
- سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ٹریفک کے قوانین" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ کو بتائیں ٹریفک کے قوانین سے مراد وہ اُصول ہیں جو ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- کیا آپ نے کبھی سڑک پر ٹریفک کے اشارے لگے دیکھے ہیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 39 پر متن کی پڑھائی کروائیں۔ صفحہ پر بنی تصویر کے بارے میں پوچھیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا آپ نے کبھی زیبرا کراسنگ دیکھی ہے؟
- طلبہ کو زیبرا کراسنگ کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ زیبرا کراسنگ پیدل سڑک عبور کیا جانے والا راستہ ہے، جو سڑک پر سفید پٹیوں سے بنایا جاتا ہے، یہ پٹیاں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر ہوتی ہیں۔ سڑک کے سیاہی مائل ہونے کی وجہ سے یہ حصہ کالا اور سفید دھاری دار نظر آتا ہے۔
- انھیں بتائیں کہ سڑک احتیاط سے کس طرح پار کی جاتی ہے؟

- انھیں بتائیں اگر زیبرا کراسنگ نہ ہو تو پہلے سیدھے ہاتھ اور پھر اُلٹے ہاتھ کی طرف دیکھیں کہ کوئی گاڑی تو نہیں آرہی۔اب ایک مرتبہ پھر سیدھے ہاتھ کی جانب دیکھ لیں۔اگر سڑک خالی ہے تو اُسے پار کرلیں۔
- پیدل سفر کرتے ہوئے یا کسی بھی سواری پر جاتے وقت سڑک پر موجود ٹریفک کے نشانات پر نظر رکھیں۔ یہ ہمیں بتائیں کہ سُرخ بتی پُر رکنا، پیلی بتی پر چلنے کے لیے تیار ہونا اور سبز بتی پر چلنا ہے۔
- طلبہ کو سمجھائیں کہ ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنا ہمیں اور ہمارے ارد گرد کے لوگوں کو مشکلات سے بچاتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ٹریفک پولیس کو ''ٹریفک وارڈن'' کہتے ہیں۔ان کا کام قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کرنا ہے۔اسے کو لوگوں کو چالان دیا جاتا ہے۔
- ٹریفک وارڈن ایسا اِس لیے کرتے ہیں تاکہ لوگ آئندہ قوانین کی پابندی کریں اور ان پر عمل کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| قوانین | قَ۔وا۔نِین | قانون کی جمع/ قاعدہ |
| فُٹ پاتھ | فُٹ۔پاتھ | سڑک کے کنارے پیدل چلنے والوں کے لیے جگہ |
| چوک | چوک | وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

کیا آپ بڑے ہو کر ٹریفک پولیس بننا چاہتے ہیں؟

آپ سڑک کس کی مدد سے پار کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کیا آپ ٹریفک کے قوانین کی پابندی کرتے ہیں؟ کمرا جماعت میں گفتگو کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:_____ |

**سبق کا نام: ٹریفک کے قوانین**

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ٹریفک کے چند قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔
- سڑک پر پیدل چلتے ہوئے، سڑک پار کرتے وقت اور بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت حفاظتی قوانین کی نشان دہی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ٹریفک کے قوانین"، لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- اگر ہم ٹریفک کے قوانین پر عمل نہ کریں تو ہمیں کس قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ ٹریفک کے قوانین اور اس کی اہمیت کے بارے میں بات کریں گے۔ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 40 سے متن کی پڑھائی کرائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ سڑک پار کرنے یا اس پر پیدل چلنے کے لیے چند باتوں کو مد نظر رکھنا بہت ضروری ہے۔ انھیں بتائیں کہ ٹریفک کے چند اصول ہیں جن پر عمل کرنے سے ہم بہت سے نقصانات اور حادثات سے بچ سکتے ہیں۔
- طلبہ کو باہر کھلے میدان میں لے جائیں۔ میدان میں ایک فرضی سڑک بنائیں۔ طلبہ کے سامنے سڑک پار کرنے کا عملی مظاہرہ کریں۔ انھیں بتائیں کہ سڑک احتیاط سے کس طرح پار کی جاتی ہے۔ انھیں بتائیں:
- کبھی بھی اکیلے سڑک پار نہ کریں۔ ہمیشہ کسی بڑے کی مدد سے سڑک پار کریں۔

- سڑک پار کرنے سے پہلے دائیں اور پھر بائیں جانب دیکھیں۔
- سڑک پر تیز رفتار گاڑیاں چل رہی ہوتی ہیں، اس لیے سڑک پار کرتے وقت ہمیشہ احتیاط سے کام لیں۔
- سڑک کے درمیان میں نہیں چلنا چاہیے۔ اور نہ ہی سڑک پر کھیلنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں ٹریفک کے قوانین پر عمل کر کے ہم ممکنہ حادثات سے بچ سکتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| رواں دواں | رَواں دَواں | مصروف |
| محفوظ | مَحۡ۔ فُوظ | حفاظت سے |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے سڑک پار کرنے کے کوئی سے دو اصول پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

فُٹ پاتھ بنائیں اور رنگ بھریں۔